# 10209 ـ بیوی كو طلاق دے دی لیكن طلاق كا اسٹام نہیں بنوایا

**سوال**

ايك عورت كو اس كے خاوند نے طلاق دے دی اور اس كی عدت بھی گزر چكی ہے، لیكن وہ اب تك اسلامك سینٹر سے طلاق كا پیپر نہیں لا سكی، اور نہ ہی اس كے پاس اس ملك كے سركاری محكمہ سے طلاق كا كوئی ثبوت ہے جہاں وہ منتقل ہوئی ہے، تو كیا اس كے لیے شادی كرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبد اللہ بن جبرین حفظہ اللہ كے سامنے پیش كیا تو ان كا جواب تھا:

" جس ملك میں منتقل ہوئی ہے وہاں كی عدالت میں جا كر وہ خاوند غائب ہونے اور اخراجات نہ بھیجنے كو مد نظر ركھتے ہوئے فسخ نكاح طلب كرے، تو یہ فسخ طلاق كے قائم مقام ہو گا "

واللہ تعالی اعلم.